## سوات میں معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے خلاف احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر

## ملک بھر کے کارکنان وعوام کو الطاف حسین کا خراج تحسین

## کراچی سمیت صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، صوبہ پختونخواہ اور آزاد کشمیر میں ملک بھر کے عوام نے پرامن احتجاج کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ طالبان کی شریعت اور ان کا ظالمانہ نظام کسی بھی قیمت پر قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں

لندن۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات میں معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے خلاف پرامن یوم مذمت کے موقع پر ملک بھر میں احتجاجی مظاہروں پر ایم کیوایم کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور حق پرست عوام کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی اپیل پر کراچی سمیت صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، صوبہ پختونخواہ اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے کارکنان اور عوام نے سوات میں معصوم لڑکی کو وحشیانہ سزا دینے کے خلاف اپنے اپنے گھروں پر سیاہ پرچم لہرا کر، احتجاجی بینرز لگا کر اور احتجاجی مظاہروں کا انعقاد کر کے نہ صرف سوات میں ظلم و بربریت کا نشانہ بننے والی لڑکی سے اظہار ہمدردی کیا ہے بلکہ پرامن احتجاج کر کے ثابت کر دیا ہے کہ ملک بھر کے عوام طالبان کی شریعت اور ان کا ظالمانہ نظام کسی بھی قیمت پر قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پختون بیٹی کے ساتھ انسانیت سوز سلوک کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے پر میں پاکستان بھر کی ایک ایک ماں، بہن، بیٹی، بزرگ اور نوجوان بالخصوص صوبہ پنجاب کے کارکنان وعوام کو دل کی گہرائی سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے عوام نے ایم کیوایم کی اپیل پر جس طرح یکجہتی اور حق پرستی کا ثبوت دیا ہے اس سے ثابت ہو گیا ہے کہ وہ نہ صرف ایم کیوایم کے ساتھ ہیں بلکہ طالبانائزیشن کے بھی خلاف ہیں۔انہوں نے صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے تمام صوبائیز مہ داران، ضلعی ذمہ داران، یونٹوں کے کارکنان اور عوام کو مختصر نوٹس پر بھرپور احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ سوات کے خلاف کراچی میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کے احتجاجی مظاہرے کے انعقاد پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کی تمام ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست خواتین بالخصوص مختصر نوٹس پر احتجاجی مظاہرے کے انتظامات کرنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## مانسہرہ میں این جی او کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے، الطاف حسین

## دہشت گردی کے مسلسل واقعات کے باعث پاکستان دنیا بھر میں بدنام ہو رہا ہے

لندن۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مانسہرہ میں این جی او، رائس انٹرنیشنل کی گاڑی پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور فائرنگ کے نتیجہ میں چار افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے مسلسل واقعات کے باعث پاکستان دنیا بھر میں بدنام ہو رہا ہے اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے ملک وقوم کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں وہ پاکستان اور اس کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ مانسہرہ میں این جی او کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ جناب الطاف حسین نے فائرنگ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

## پختونوں کی ماں، بہن اور بیٹی کو اپنی ماں، بہن اور بیٹی سمجھتا ہوں، الطاف حسین

## ڈرون حملے امریکہ کیلئے Counter Productive ثابت ہوسکتے ہیں لہٰذا ان حملوں کو بند کیا جائے

## لوگوں کے گلے کاٹنا اور قبروں سے لاشیں نکال کر لٹکانا شریعت کے خلاف ہے

## پشتو ٹی وی چینل کو الطاف حسین کا خصوصی انٹرویو

لندن۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہم پختونوں کے نہیں بلکہ طالبانائزیشن کے خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے گلے کاٹنا اور لاشوں کو قبروں سے نکال کر لٹکانا شریعت کے خلاف ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کے روز پشتو ٹی وی چینل کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ اینکر مین پامر ساحل کے ایک سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبانائزیشن کے حوالہ سے ہمارے ذاتی نہیں بلکہ عوام کی جان و مال اور عزت و آبرو کے حوالہ سے تحفظات ہیں۔ سوات میں ایک معصوم پختون بیٹی پر جھوٹا الزام لگانا اور شرعی تقاضوں کو پورا کئے بغیر سر عام اسکی بے حرمتی کرنا شریعت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم طالبانائزیشن کے خلاف ہیں مگر پختونوں کے بعض لیڈر کہتے ہیں کہ الطاف حسین اور ایم کیو ایم طالبانائزیشن کی بات کر کے پختونوں کے خلاف بات کر رہی ہے۔ میں پختونوں کے نمائندوں سے کہتا ہوں کہ وہ طالبانائزیشن کے خلاف بات کو پختونوں کے خلاف بات کا رنگ نہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کراچی میں سوات کے المناک واقعہ کے خلاف ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے بڑے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے میں نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ پختونوں کی ماں، بہن اور بیٹی الطاف حسین کی ماں، بہن اور بیٹی ہے اور میں نے یہ زبانی دعویٰ نہیں کیا بلکہ دل کی گہرائی سے کہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کوئی بھی شریعت کے خلاف نہیں ہوسکتا لیکن جس انداز سے لوگوں کے گلے، ہاتھ پیر کاٹے جارہے ہیں اور قبروں سے لاشیں نکال کر لٹکائی جارہی ہیں یہ شریعت کے خلاف ہے اور میں نے اسلامی تاریخ میں ایسا کوئی واقعہ نہیں پڑھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار دو عالمؐ نے عیبوں پر پردہ ڈالنے کا درس دیا ہے اور قرآن مجید میں سورۃ نور میں متعدد جگہ لکھا ہے کہ جھوٹی تہمت لگانے والوں کیلئے قیامت کے دن عذاب عظیم ہے اور ایسے لوگ فاسق ہیں۔ کراچی کے پختونوں میں عدم تحفظ کے حوالہ سے ایک سوال کے جواب دیتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ چندروز قبل ہی میری گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد سے بات ہوئی تھی اور میں نے ان سے کہا تھا کہ ایک مرتبہ پھر اس قسم کی افواہیں سامنے آرہی ہیں لہٰذا ایم کیو ایم، پیپلز پارٹی اور اے این پی کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی کا فوری اجلاس کیا جائے۔ دو روز قبل یہ اجلاس ہوا جس میں اے این پی، پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم کے نمائندوں اور گورنر سندھ کے علاوہ وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا نے بھی شرکت کی۔ اس اجلاس میں طے پایا گیا کہ جہاں کہیں بھی کوئی شکایت موصول ہوگی تو فوراً ایک دوسرے سے بات کی جائے گی اور پختون علاقوں میں پختون اور اردو بولنے والوں کے علاقوں میں اردو بولنے والے پختونوں کی جان و مال اور املاک کی حفاظت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی سطح پر پوری کوشش کر رہا ہوں آپ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہماری کوششوں کو کامیاب کرے۔ پاکستان کے مختلف علاقوں میں ڈرون حملوں کے حوالے سے سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں صدر اور وزیر اعظم نہیں ہوں لیکن ایک جماعت کے قائد کی حیثیت سے میں نے برطانیہ اور پاکستان میں عوامی اجتماع سے خطاب میں کہا ہے کہ ڈرون حملے امریکہ کیلئے Counter Productive ثابت ہوسکتے ہیں لہٰذا ان حملوں کو بند کیا جائے اور پاکستان کی مسلح افواج کے ساتھ مل کر انٹیلی جنس شیئرنگ کی جائے۔

## معروف صحافی عزیز جان اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے تنویر احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں سندھ کے معروف صحافی عزیز جان اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن نیشنل بنک یونٹ کے جوائنٹ انچارج تنویر احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## متحدہ بنگش آرگنائزیشن نے طالبانائزیشن کے حوالہ سے الطاف حسین کے مؤقف کی حمایت کا اعلان کردیا

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے وفد کی ملاقات

کراچی۔۔۔۔6اپریل2009ء

متحدہ بنگش آرگنائزیشن نے ملک بالخصوص سندھ اوراس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن ،فرقہ واریت اور مذہبی جنونیت کے خاتمے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں سراہتے ہوئے ان کے مؤقف کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان، جوائنٹ انچارج شکیل عباسی ، بین الصوبائی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، جوائنٹ انچارج یاور جمیل اوراجمل نصیب بھی موجود تھے ۔ملاقات میں موجودہ صورتحال کے تناظر میں باہمی رابطوں کیلئے اتفاق رائے سے 5رکنی کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا جوعلاقائی سطح پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کو بہتر بنائیں گےاس کمیٹی میں تاج بنگش، پروفیسر گوہر حسین جبکہ ایم کیوایم سے گلفراز خان، شکیل عباسی اور یاور جمیل کوشامل کیا گیا ۔ملاقات میں متحدہ بنگش آرگنائزیشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ اور کراچی میں طالبانائزیشن کے عمل کو کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی اوراس سلسلے میں ایم کیوایم کو تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا بھرپور تعاون حاصل ہے۔

## سوات میں 16 سالہ لڑکی کو سرعام کوڑے لگانا پختون ثقافت کے منافی ہے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

## پختون بیٹی کو سرعام تذلیل کا نشانہ کرانسانیت کے سرشرم سے جھکا دیئے گئے ہیں

کراچی۔۔۔۔6اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج واراکین نے سوات میں 16 سالہ لڑکی کو نامحرم لوگوں کی مدد اور موجودگی میں کوڑے لگانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس دالخراش عمل کو پختون ثقافت اور روایات کے سراسر منافی قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات میں جس طریقے سے پختون بیٹی کو جھوٹے الزام کے تحت سرعام کوڑے لگا کراس کی تذلیل کی گئی اس سے انسانیت کے سرشرم سے جھک گئے ہیں ۔انہوں کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ پاکستانی قوم قائدتحریک الطاف حسین کے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کے فکروفلسفے کی روشنی میں طالبان کی نام نہاد شریعت کے خلاف متحد ہوجائے ۔

## ملک کو طالبانائزیشن سے بچانے کیلئے عوام کا اتحاد لازمی ہے، ایم کیوایم علماء کمیٹی

کراچی۔۔۔۔6اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ پاکستان کو طالبانائزیشن سے بچانے کیلئے ملک بھر کے عوام کا اتحاد لازمی ہے ۔ایک بیان میں انہوں نے ملک بھر کے علماء اور مشائخ عظام سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں ۔انہوں نے کہا کہ سوات میں معصوم لڑکی کو ظالمانہ سزا دینے کا واقعہ انتہائی شرمناک ہے اوراس واقعہ میں ملوث افراد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں ۔انہوں نے کہا کہ دین اسلام میں خودکشی حرام ہے اور خودکش حملے کرنے اوراس کا درس دینے کا عمل نا صرف غیر اسلامی ہے بلکہ اسلامی اصولوں کے مطابق حرام بھی ہے اور جولوگ اسلام کے نام پر خودکش حملوں اور دہشتگردی کا درس دیتے ہیں وہ اسلام کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں ۔

## ریاست کے اندر ریاست کے قیام کے یہ ٹھیکیدار اسلام کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں، شعبہ خواتین

کراچی ۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی ارکان نے سوات میں 17 سالہ لڑکی کو سرعام کوڑے مارے جانے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس انسانیت سوز عمل کو بزدلانہ قرار دیا ہے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات میں خودساختہ شرعی عدالت کا فوری فیصلہ انسانیت اور اسلام کی دی گئی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے اور ریاست کے اندر ریاست کے قیام کے یہ ٹھیکیدار دنیا بھر میں دین اسلام کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے عورت کو بلند مقام عطا کیا اور اس کی عزت و ناموس کی حفاظت کا درس دیا ہے لیکن ان کی نام نہاد اور خودساختہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کھل کر سامنے آچکی ہے ۔ شعبہ خواتین کی ارکان صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ سوات کے واقعہ میں ملوث مذہبی انتہاء پسندوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ۔

## ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن حاجی مرتضی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے بزرگ کارکن حاجی مرتضٰی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حاجی مرتضٰی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔6، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے حاجی مرتضی، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن محمد ارشد کے والد محمد رفیق، ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 80 کے جوائنٹ یونٹ انچارج اظہر امام کے بھائی ارشد امام، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے کارکن بابر کی والدہ محترمہ عقیل النساء، ایم کیو ایم بن قاسم سیکٹر یونٹ گلشن حدید کے کارکن جمال آفریدی کی والدہ محترمہ نور جہاں بیگم، ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر یونٹ 5 کے کارن شاہ رزاق کی ہمشیرہ محترمہ نورین حفیظ اور ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن سلطان کے بھائی محمد عرفان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

☆☆☆☆☆